پریس ریلیز

جنرل ہسپتال سے نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے والی کوثر تسنیم ڈی جی نرسنگ پنجاب تعینات

38برس قبل ایل جی ایچ سے تعلیم حاصل کی ، عہدہ اعزاز کی بات ہے : کوثر تسنیم کی گفتگو

لاہور 20 اپریل:......لاہور جنرل ہسپتال سے 38برس قبل نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے اور مختلف عہدوں پر فرائض سر انجام دینے کے بعد کوثر تسنیم کو ڈائریکٹر جنرل نرسنگ پنجاب کے عہدے پر تعینات کر دیا گیا ہے، وہ گریڈ 20 میں فرائض سرانجام دے رہی ہیں ۔ڈپٹی چیف نرسنگ ایل جی ایچ رمضان بی بی، پرنسپل نرسنگ کالج سروسز ہسپتال اسماء تاج، ڈپٹی نرسنگ سپرٹینڈنٹ میو ہسپتال ساجدہ بٹ، نرسنگ انسٹرکٹر شہناز ڈار اور صدر روائی این اے خالدہ تبسم نے کوثر تسنیم کو ڈی جی نرسنگ تعینات ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے اُن کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ صحت کے میدان میں خواتین کی کارکردگی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور بالخصوص ایل جی ایچ سے نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ڈائریکٹر جنرل پنجاب تعینات ہونا کوثر تسنیم کے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کوثر تسنیم کیلئے مبارکباد اور نیک خواہشات کے پیغام میں اُن کی کامیابی کی دعا کی ۔انہوں نے کہا کہ جنرل ہسپتال کا نرسنگ سکول بنیادی طور پر اس شعبے کے لئے بہترین نرسری کا کام کر رہا ہے جہاں سے فارغ التحصیل خواتین نے ملک بھر میں اپنے شعبے کا نام روشن کیا ہے اور گریڈ 20 جیسے باوقار عہدے پر ڈائریکٹر جنرل نرسنگ تعینات ہونا اسی شاندار سلسلے کی کڑی ہے جس پر نرسنگ کے شعبے سے وابستہ ہر خاتون کو فخر ہونا چاہیے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ میڈیکل کے شعبے میں نرسنگ مزید اہمیت کا حامل ہو رہا ہے اور پنجاب پبلک سروس کمیشن سے نرسز کی گریڈ 16 میں بلا واسطہ تعیناتی سے اس میدان میں آنے والی خواتین کی زیادہ بہتر انداز میں حوصلہ افزائی ہو رہی ہے ۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ کوثر تسنیم ڈائریکٹر جنرل نرسنگ بننے کے بعد نرسنگ کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گی۔

اپنی تعیناتی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کوثر تسنیم نے کہا کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں تمام تر توانائیاں صرف کریں گی، لاہور جنرل ہسپتال کے نرسنگ سکول سے حاصل ہونے والی تعلیم و تربیت کو بروئے کار لاتے ہوئے اس عہدے کی ذمہ داریوں کو ادا کریں گی اور نئی بچیوں کو نرسنگ کی تعلیم و تربیت، مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور مثبت ماحول کے فروغ کے لئے کاوشیں تیز کریں گی ۔کوثر تسنیم نے اس امر کا اعادہ کیا کہ جنرل ہسپتال سے نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ڈائریکٹر جنرل کے عہدے پر فائز ہونا اعزاز کی بات ہے جس پر یہ اُن کے لئے دوہری مسرت کا باعث ہے۔

☆☆☆☆

کوثر تسنیم

ڈی.جی نرسنگ پنجاب